# 20-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ مرکز کی نریندر مودی حکومت کے پالیسی فیصلوں کی وجہ سے گاؤں ترقی کرر ہے ہیں۔

۲۔مرکزی حکومت کی جانب سے مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار ضمانت اسکیم میں مجوزہ تبدیلیوں پر کانگریس نے شدید اعتراض کیا۔

۳۔مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی اقدار کے ساتھ سیاست کا ثبوت ہیں۔

اور

۴۔حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ ریاست میں آج اور کل سردی کی شدت میں اضافہ کا امکان ہے۔

WEATHER

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ ریاست میں آج اور کل سردی کی شدت میں اضافہ کا امکان ہے۔آئندہ تین دنوں کے دوران اقل ترین درجہ حرارت معمول سے چار ڈگری کم درج ہوگا۔ریاست کے شمالی، مغربی اضلاع میں 5 تا 8 ڈگری سلسیس ،حیدرآباد میں بعض مقامات پر 6 تا 8 ڈگری درجہ حرارت درج ہونے کا انتباہ دیا گیا ہے۔متحدہ عادل آباد، کریم نگر، نظام آباد، میدک اضلاع میں ایلوالرٹ جاری کیا گیا ہے۔عوام سے خواہش کی گئی ہے کہ وہ چوکس رہیں۔

BRS

بی آر ایس مقنّنہ پارٹی اور عاملہ کا اہم اجلاس اتوار کو پارٹی ہیڈ کوارٹرس تلنگانہ بھون میں منعقد ہوگا جس کی صدارت پارٹی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کریں گے۔ اجلاس میں پارٹی کے اراکین پارلیمنٹ، اراکین اسمبلی، اراکین کونسل اور ریاستی عاملہ کمیٹی کے ارکان کی شرکت متوقع ہے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق بی آر ایس دریا کے پانی کی تقسیم اور آبپاشی کے منصوبوں سے متعلق مسائل پر ایک بڑی تحریک شروع کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ توقع ہے کہ چندر شیکھر راو اس اجلاس کے دوران ان اہم مسائل پر پارٹی کے آئندہ کے لائحہ عمل اور مستقبل کی حکمت عملی کا اعلان کریں گے۔

PEDDAPALLI DIST

پدا پلی ضلع کے لئے درکار کھاد دستیاب کرواتے ہوئے اس کی تقسیم کے عمل کی نگرانی کی کلکٹر کے ہرشا نے ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ کھاد کے معاملہ میں کسانوں کو کسی بھی قسم کے خدشات، اندیشوں کی ضرورت نہیں ہے۔ پدا پلی کی کھاد کی دکانات کا انہوں نے آج اچانک معائنہ کیا۔ انہوں نے کسانوں سے خواہش کی کہ وہ ایپ کے ذریعہ گھر سے ہی کھاد کی بکنگ کریں۔

GRAM PANCHAYAT MEET

یادادری بھونگیر ضلع کے نومنتخب سرپنچ، وارڈ ارکان پیر کو حلف لیں گے۔ ضلع کلکٹر ہنمنت راو نے یہ بات بتائی۔ حلف برداری کی تقاریب کے انتظامات کرنے کی انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ ایسی پنچایتیں جہاں کے انتخابات مکمل ہوگئے ہیں، ان میں حلف برداری کی تقاریب منعقد کی جائیں اور اس سلسلہ میں رپورٹ پیش کی جائے۔

MAHBOOB NAGAR

محبوب نگر میں کل ہونے والی قومی لوک عدالت میں زیر التوا مقدمات کا تصفیہ کیا جائے گا۔سکریٹری ڈسٹرکٹ لیگل سرویس اتھاریٹی شالینی پاکیلا نے یہ بات بتائی۔باہمی مصالحت کے ذریعہ معاملات کے تصفیہ کے اقدامات کئے جائیں گے تاکہ رقم اور وقت دونوں کی بچت ہو سکے۔

SIDDIPET DIST

ضلع سدی پیٹ کے 25 ضلع اور منڈل مہیلا سمکھیہ صدور مہاراشٹر کے ناسک میں سیادری زرعی کھیتوں کا دورہ کیلئے روانہ ہوئے۔ضلع کلکٹر کے ہیماوتی نے ان کی گاڑی کو ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔انہوں نے کہا کہ خواتین ارکان کیلئے یہ ایک سنہری موقع ہے اور وہ اس بات کا مطالعہ کر سکتی ہیں کہ وہاں کے کسان کس طرح مربوط کاشت کے ذریعہ اپنی زرعی پیداوار کی مارکٹنگ کرتے ہیں۔

PCC

مرکزی حکومت کی جانب سے مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار ضمانت اسکیم میں مجوزہ تبدیلیوں پر کانگریس نے شدید اعتراض کیا ہے۔پارٹی کے ریاستی صدر مہیش کمار نے کہا کہ اس اسکیم سے دیہی عوام بڑی تعداد میں مستفید ہو رہے ہیں اور یہ طویل عرصہ سے غریبوں کے لئے روزگار کا مضبوط سہارا بنی ہوئی ہے۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ مرکز کی بی جے پی حکومت اس اہم اسکیم کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہی ہے، حالانکہ روزگار کی فراہمی میں اس کا کردار نہایت اہم ہے۔مہیش کمار نے کہا کہ سال 2014 میں بی جے پی کے اقتدار میں آنے کے بعد سے اس اسکیم کو مرحلہ وار نقصان پہنچایا جا رہا ہے۔کانگریس قائدین نے اعلان کیا کہ اس کے خلاف ریاست بھر میں احتجاجی پروگرام منعقد کئے جائیں گے۔سکندرآباد میں منعقدہ ایک احتجاجی پروگرام میں ریاستی وزرا، پارٹی قائدین اور عوامی نمائندوں نے شرکت کی، جن میں جوپلی کرشنا راؤ، اظہر الدین، سابق رکن پارلیمنٹ ہریش راؤ، ویویک وینکٹ سوامی اور دیگر شامل تھے۔

Wanaparthy Dist

گورنر جشنو دیو ورما اِس ماہ کی 23 تاریخ کو ونپرتی ضلع کا دورہ کریں گے۔ وہ سہ پہر تین بجے ونپرتی پہنچیں گے۔ کلکٹر اے سورابھی نے کہا کہ گورنر مختلف شعبوں کی اہم شخصیات سے تبادلہ خیال کریں گے۔ کلکٹر نے دورہ کے انتظامات کا جائزہ لیا۔

Bhadradri Kothagudem

بھدرادری کوتہ گوڑم میں آفاتِ ناگہانی کو روکنے کے لئے تمثیلی مشق پیر کو کی جائے گی۔ ضلع کلکٹر جتیش وی پاٹل نے کہا کہ اس موقع پر قومی آفاتِ سماوی کے دوران انسانی جانوں اور املاک کے نقصان کو کم کرنے کے لئے نگرانی کی ضرورت پر بیداری پیدا کی جائے گی۔ انہوں نے عہدیداروں کے ساتھ اس سلسلہ میں جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ کلکٹر نے تجویز پیش کی کہ صحت، فائر، پولیس، ریونیو، برقی، پینے کے پانی، بلدی خدمات سے متعلق ٹول فری نمبرات اچ اے ایل تفصیلات کی ہنگامی صورتحال میں ضرورت ہوتی ہے۔ اس کی وسیع تر تشہیر کی ضرورت ہے۔

Jupally Krishna rao

وزیر سیاحت جو پلی کرشنا راؤ نے محبوب نگر ضلع کی سرکردہ خاتون ہیرا بائی کی زندگی پر مبنی کتاب کی رسم اجرا انجام دی جسے ناگر کرنول ضلع کے بیجنی پلی منڈل سے تعلق رکھنے والے وینکٹ پوار نے تحریر کیا ہے۔ اس کتاب کو تلنگانہ ساہتیہ اکیڈیمی نے شائع کیا ہے۔ اس موقع پر وزیر موصوف نے کہا کہ یہ خوشی کی بات ہے کہ پہلی مرتبہ ناول کے طور پر یہ کتاب سامنے آئی ہے۔ تلنگانہ ساہتیہ اکیڈیمی کے سکریٹری بالا چاری اور دوسروں نے اس پروگرام میں شرکت کی۔

Svanidhi Loan

حکومت نے جوگولامبا گدوال ضلع میں سڑک پر کاروبار کرنے والے افراد کیلئے سوانڈھی اسکیم کو بحال کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔تاہم اس اسکیم کا نام بدل کرلوک کلیان میلہ رکھنے اورقرض فراہم کرنے کے لئے میلے لگانے کا فیصلہ کیا ہے۔خواتین کی سوسائٹیوں کی طرز پر دوکانداروں کیلئے بچت سوسائٹیز کے قیام کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔سرکاری ذرائع نے بتایا کہ لوک کلیان میلہ کے تحت پچاس ہزارروپے تک کا قرض حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔

BJP Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ مرکز کی نریندر مودی حکومت کے پالیسی فیصلوں کی وجہ سے گاؤں ترقی کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کاشتکاروں کو زراعت میں بڑی تعداد میں سبسڈی فراہم کی جائے گی اور 6000 روپے سالانہ تین اقساط میں فراہم کئے جائیں گے۔وہ آج حیدرآباد میں بی جے پی کی تائید سے کامیاب سرپنچوں، نائب سرپنچوں اور وارڈ ممبروں کے لئے منعقدہ ایک تہنیتی پروگرام میں اظہارخیال کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ دیہی طمانیت روزگاراسکیم کے تحت کام کے دنوں کی زیادہ سے زیادہ تعداد کو 100 سے بڑھا کر 125 دن کرنے کا سہرا این ڈی اے حکومت کو جاتا ہے۔انہوں نے سرپنچوں سے کہا کہ وہ گاؤں کی ترقی کے لئےلگن سے کام کریں۔اس سے قبل مشہور فلم اداکارہ امانی نے بی جے پی میں شمولیت اختیار کی۔پارٹی کے ریاستی صدر این رام چندرراؤ نے انہیں پارٹی کا کھنڈوا اوڑھا کر پارٹی میں شامل کیا۔

Christmas

ریاستی حکومت حیدرآباد کے ایل بی اسٹیڈیم میں کرسمس کی تقاریب کا اہتمام کررہی ہے۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی، ریاستی وزرأ، عیسائی اور اقلیتی قائدین اِس تقریب میں شرکت کریں گے۔ تقریب کے پیش نظر ایل بی اسٹیڈیم، نامپلی، عابڈس کے اطراف آج رات دس بجے تک ٹرافک پابندیاں عائد رہیں گی۔

Road Safety Week

منچریال کے کلکٹر کمار دیپک نے کہا ہے کہ ضلع میں سڑک کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں اور خطرہ والے علاقوں کی نشاندہی کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع میں نشانات اور روڈ بلاکس لگائے جارہے ہیں۔ انہوں نے حیدرآباد سے وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر کی جانب سے منعقدہ روڈ سیفٹی ماہ کی تقاریب کے انتظامات پر ایک ویڈیو کانفرنس منعقد کی۔ انہوں نے کہا کہ نئے سال کے موقع پر اس ماہ کی 31 تاریخ کو رات میں حالت نشہ میں گاڑی چلانے والوں کے خلاف مہم چلائی جائے گی۔

Urea Online Booking App

نلگنڈہ ضلع میں آج کلکٹر ایلا ترپاٹھی نے کھاد کی آن لائن بکنگ کا آغاز کیا۔ انہوں نے کہا کہ کسان اس ایپ کے ذریعہ مطلوبہ یوریا بک کرواسکتے ہیں اور اسے قریبی ڈیلروں سے حاصل کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سسٹم سے درمیانی افراد کی پریشانی کم ہوگی۔ انہوں نے زرعی حکام اور ڈیلرس کو ہدایت دی کہ وہ اس ایپ کے سلسلہ میں کسانوں میں بیداری پیدا کریں۔

Vajpayee Statue

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی اقدار کے ساتھ سیاست کا ثبوت ہیں۔انہوں نے کہا کہ وہ ایک عظیم لیڈر تھے جنہوں نے یہ ثابت کیا کہ جتنی مرتبہ انہوں نے انتخابات میں کامیابی حاصل کی اس سے زیادہ دل جیتے۔انہوں نے آج وشاکھا پٹنم میں اٹل بہاری واجپائی کے کانسہ کے مجسمہ کی نقاب کشائی کی۔مودی۔اٹل سوپری پالنا یاترا کے حصہ کے طور پر انہوں نے اس مجسمہ کی نقاب کشائی انجام دی۔

○○